## میں مستقل ڈاکٹر چاہتا / چاہتی ہوں۔ اس کے لیے مجھے کیا کرنا ہوگا؟

مستقل ڈاکٹر کا انتخاب کرنے کے لیے آپ کے پاس چار انتخابات ہیں۔

1 آپ ساتھ رکھے ہوئے فارم کو پر کر کے واپس بھیج سکتے ہیں۔

2 آپ مندرجہ ذیل نمبر پر فون کر سکتے / سکتی ہیں۔ 111 31 800 فون کرنے سے پہلے اپنا پرسنل نمبر، جوابی فارم پر لکھا ہوا کوڈ نمبر اور ڈاکٹروں کی فہرست اپنے پاس رکھ لیں۔

3 آپ انٹرنیٹ بھی استعمال کر سکتے / سکتی ہیں۔ www.fastlegeordningen.dep.no (اپنا پرسنل نمبر اور کوڈ نمبر یاد رکھیے) ٹیلی فون اور انٹرنیٹ پر سامی، انگریزی اور اردو زبان میں معلومات بھی مل سکتی ہیں۔

4 اگر آپ ہمیں جواب نہیں دیں گے / گی تو آپ کو خود بخود آپ کی رہائش کے قریب ایک ڈاکٹر دے دیا جائے گا / گی۔

اگر آپ یہ کتابچہ، نی نورشک، سامی، انگریزی یا اردو زبان میں حاصل کرنا چاہیں تو ڈاکٹروں کی فہرست کے تحت نکتہ الف کے سامنے درج ٹیلی فون نمبر پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔

### مستقل ڈاکٹر کا نظام کیا ہے؟

مستقل ڈاکٹر کے نظام کے ذریعے طبّی خدمات کو بہتر اور نئے انداز سے منظّم کیا جا رہا ہے۔ اس نظام کے ذریعے آپ کو ایک مستقل (عام) ڈاکٹر کے allmennpraktiserende انتخاب کا حق دیا جا رہا ہے۔ تمام مستقل ڈاکٹروں کو شہریوں کی ایک فہرست مہیا کی جائے گی۔ جن لوگوں کا اس فہرست پر اندراج ہوگا انہیں ڈاکٹر کے ہاں وقت لینے کا ترجیحی حق حاصل ہوگا۔

### مستقل ڈاکٹر کا نظام کیوں متعارف کروایا جا رہا ہے؟

اس نئے نظام کے تین بنیادی اور اہم مقاصد ہیں۔

- ان تمام لوگوں کو، جو خواہش کا اظہار کریں، ایک مستقل ڈاکٹر مہیا کیا جائے گا۔
- ڈاکٹر تک بہتر رسائی کے ذریعے احساسِ تحفظ بڑھایا جائے۔
- ڈاکٹر اور مریض کے درمیان بہتر اور دور رس تعلق پیدا کیا جائے۔

### مستقل ڈاکٹر کا نظام کب متعارف کروایا جائے گا۔

یہ نظام یکم جون 2001 سے متعارف کیا جائے گا۔ اگر آپ ایک مستقل ڈاکٹر چاہتے / چاہتی ہیں تو آپ کو یکم مارچ کے اندر اندر ہمیں جواب دینا ہوگا۔